روزنامہ

الفضل

ٹیلیفون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 7دسمبر 2005ء 4ذیقعد 1426ہجری 7فتح 1384ہش جلد 55-90 نمبر 273

دست شفقت کی ٹھنڈک

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں کہ میں مکہ میں سخت بیمار ہوگیا۔ آنحضرت ﷺ میری عیادت کیلئے تشریف لائے اور یہ دعا کی اے اللہ سعد کو صحت دے اور اس کی ہجرت کو پورا فرما۔ سعدؓ کہتے ہیں کہ میں اب تک اپنے جگر میں آپ کے دست شفقت کی ٹھنڈک محسوس کرتا ہوں

(صحیح بخاری کتاب المرضیٰ باب وضع الید حدیث نمبر:5227)

(1) سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا دورہ ماریشس

ائیر پورٹ پر والہانہ استقبال، بیت دارالسلام میں ورود اور ٹی وی چینل پر خبریں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

27-28نومبر 2005ء

27نومبر کو دوپہر دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ائیر پورٹ روانگی کے لئے اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے۔ حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے احباب جماعت مرد و خواتین کی ایک بڑی تعداد بیت الفضل لندن میں جمع تھی۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ ہلا کر سب کو السلام علیکم کہا اور اجتماعی دعا کروائی جس کے بعد ائیر پورٹ کے لئے روانگی ہوئی۔

تین بجکر پانچ منٹ پر حضور انور ائیر پورٹ پہنچے۔ حضور انور کی آمد سے قبل سامان کی بکنگ اور بورڈنگ کارڈز کے حصول کی کارروائی مکمل ہو چکی تھی۔ ائیر پورٹ پر مکرم امیر صاحب یوکے نے دیگر جماعتی عہدیداران کے ساتھ حضور انور کو الوداع کیا۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور ائیر پورٹ کے اندر تشریف لے گئے۔ برٹش ایئرویز سٹاف کی ایک سینئر ممبر نے حضور انور کو ایئرپورٹ پر Receive کیا اور امیگریشن کی کارروائی مکمل کرواتے ہوئے حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کو جہاز کے اندر سیٹ تک چھوڑنے آئیں۔

برٹش ائیرویز کی پرواز BA 123 دوپہر تین بج کر پچپن منٹ پر ہیتھرو ائیر پورٹ لندن سے ماریشس کے لئے روانہ ہوئی۔

ماریشس میں ورود مسعود

ساڑھے گیارہ گھنٹے کی مسلسل پرواز کے بعد ماریشس کے مقامی وقت کے مطابق اگلے روز 28 نومبر کو صبح سات بجکر پچیس منٹ پر جہاز ماریشس کے Sir Seewoosagar Ramgoolam انٹرنیشنل ائیر پورٹ پر اترا۔ (ماریشس کا وقت لندن سے چار گھنٹے آگے ہے) ماریشس کا یہ انٹرنیشنل ائیرپورٹ Plain Magnien کے علاقہ میں سمندر کے کنارے پر واقع ہے۔

جونہی حضور انور جہاز سے باہر تشریف لائے تو جہاز کے دروازہ پر ائیر پورٹ سٹاف کے ممبران نے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد حضور انور VIP لاؤنج میں تشریف لے آئے جہاں مکرم امین جواہر صاحب امیر جماعت ماریشس نے اپنے نائب امراء، صدر خدام الاحمدیہ اور صدر انصار اللہ کے ساتھ حضور انور کا استقبال کیا اور حضور انور کو پھولوں کا ہار پہنایا۔

صدر لجنہ اماء اللہ ماریشس اور امیر صاحب ماریشس کی اہلیہ نے حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کو خوش آمدید کہا۔

VIP لاؤنج میں ماریشس کے نیشنل MBC T.V نے حضور انور کی آمد کو کوریج دی۔ ٹی وی نمائندہ کے ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ ماریشس میں اگرچہ جماعت چھوٹی ہے لیکن بڑی مضبوط اور مستحکم ہے اور ان کا یہ حق بنتا ہے کہ میں ان کے پاس آؤں اور ان سے ملوں۔ ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ حضور انور جلسہ سالانہ ماریشس میں شرکت کر رہے ہیں اور خطاب بھی فرمائیں گے۔ حضور انور نے فرمایا کہ میرا ماریشس کا یہ پہلا وزٹ ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو حکومت ماریشس کی نمائندگی میں خوش آمدید کہنے کے لئے وزیر انصاف آنریبل راما Valayden نے ائیر پورٹ پر پہنچنا تھا لیکن انہیں پہنچنے میں تاخیر ہوگئی۔ چنانچہ انہوں نے فون پر معذرت کی اور بتایا کہ تاخیر ہو جانے کی وجہ سے وہ پہنچ نہیں سکیں گے۔ اب وہ جلسہ سالانہ پر آئیں گے۔

VIP لاؤنج میں قیام کے دوران امیگریشن کی کارروائی مکمل کی گئی۔ حکومت ماریشس نے حضور انور کی آمد پر خصوصی طور پر حضور انور اور وفد کے تمام ممبران کو VIP کی تمام سہولیات مہیا کیں اور خود ہی امیگریشن کی تمام کارروائی مکمل کی۔

ائیر پورٹ پر استقبال

VIP لاؤنج میں کچھ دیر قیام کے بعد آٹھ بجے جب حضور انور ائیر پورٹ سے باہر تشریف لائے تو ماریشس کی مختلف جماعتوں سے آنے والے ڈیڑھ ہزار سے زائد احباب جماعت مرد و خواتین نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا استقبال کیا اور خوش آمدید کہا۔ ہر طرف سے اھلاً وسھلاً ومرحبا کی آوازیں بلند ہو رہی تھیں۔ پرجوش انداز میں احباب نعرے لگا رہے تھے۔ احباب جماعت اپنے ہاتھ بلند کر کے حضور انور کو خوش آمدید کہہ رہے تھے۔ بچے اور بچیاں خوبصورت اور رنگا رنگ لباسوں میں ملبوس خیر مقدمی گیت پیش کر رہے تھے۔ استقبال کا یہ نظارہ بڑا ہی ایمان افروز تھا۔ آج کا دن احباب جماعت ماریشس کے لئے ایک عید کا دن تھا اور نہایت ہی تاریخی اہمیت کا حامل دن تھا۔ آج حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک قدم پہلی بار ماریشس کی سرزمین پر پڑے تھے اور ہزاروں میل دور دنیا کے کنارے پر آباد اس جزیرہ میں بسنے والے احباب جماعت نے اپنی زندگیوں میں پہلی بار حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک اور بابرکت وجود کو اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ آج ان کا پیارا آقا ان میں موجود تھا ہر کوئی خوشی و مسرت سے

باقی صفحہ 12 پر

ماریشس سے حضور انور کا خطبہ جمعہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ جمعہ ماریشس سے 9دسمبر 2005 کو پاکستانی وقت کے مطابق 2:00 بجے بعد دوپہر ایم ٹی اے پر براہ راست نشر ہوگا۔ احباب مطلع رہیں۔

پاکستان کے تعلیمی بورڈ و یونیورسٹیز سے نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کیلئے ضروری اعلان

1981ء سے لے کر 2005ء تک پاکستان کے مختلف تعلیمی بورڈز اور یونیورسٹیز سے تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے وہ احمدی طلباء و طالبات جنہوں نے نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ میں احمدیہ صد سالہ جوبلی تعلیمی منصوبہ کے تحت تمغہ جات کے حصول کیلئے اپنی درخواست جمع کروائی ہوئی ہے ان سے گزارش ہے کہ اگر وہ خود امسال جلسہ سالانہ پر قادیان جا رہے ہوں تو فوری طور پر نظارت تعلیم کو بذریعہ فون، فیکس یا ای میل مطلع کریں یا اگر وہ خود نہیں جا رہے ان کے والدین یا اور کوئی قریبی عزیز اس جلسہ پر جا رہے ہوں اور وہ ان کے ذریعہ اپنی سند وصول کرنا چاہتے ہوں تو بھی فوری طور پر اپنے اس عزیز رشتہ دار کے کوائف سے مطلع کریں براہ کرم ان کوائف کی اطلاع مورخہ 15دسمبر 2005ء سے پہلے ارسال فرمائیں واضح ہو کہ جو طلبہ 1991ء کے جلسہ قادیان میں اپنی اسناد وصول کر چکے ہیں ان کو رابطہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ نیز تمام سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ براہ کرم تمام احباب جماعت تک یہ اعلان پہنچانے کا فوری انتظام کریں۔

E.mail:ntaleem@fsd.paknet.com.pk
Ph:047-6212473 Fax:0476212398
Mobile:0333-67063222

سیدنا بلالؓ فنڈ

احمدیت کیلئے اپنی جان کی قربانی پیش کرنے والوں کے خاندانوں کی کفالت کیلئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 14 مارچ 1986ء کے خطبہ جمعہ میں ایک فنڈ کا اعلان فرمایا،اس کی حکمت بیان کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ میں جماعت کو یہ بھی تسلی دلانا چاہتا ہوں کہ اللہ کے فضل سے جماعت احمدیہ میں کوئی بھی خدا کی راہ میں مارا جانے والا ہرگز یہ وہم لے کر یہاں سے رخصت نہیں ہوتا کہ میرے بیوی بچوں کا کیا بنے گا۔ جماعت احمدیہ میں ایسے لوگوں کے بچے یتیم نہیں ہوا کرتے۔ یہ ایک زندہ جماعت ہے اور یہ ناممکن ہے کہ جماعت اپنے قربانی کرنے والوں کے اہل وعیال کو اور ان کے حقوق کو بھول جائے۔ ایسی جماعتوں کی زندگی کی ضمانت اس بات میں ہے کہ ان کے قربانی کرنے والوں کو اپنے پسماندگان کے متعلق کوئی فکر نہ رہے۔

اس فنڈ کی عظمت اور اس کی اہمیت کے بارہ میں حضور نے فرمایا کہ یہ ہرگز صدقہ کی تحریک نہیں بلکہ جو شخص اس میں حصہ لے گا وہ اسے اعزاز سمجھے گا اور خیال کرے گا کہ مجھے جتنی خدمت کرنی چاہئے تھی اتنی نہیں کی بلکہ بہت ہی معمولی خدمت کی توفیق پائی ہے۔

اس تحریک میں حصہ لینے والوں کو نصائح کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا کہ پوری طرح شرح صدر اور محبت کے جذبہ سے جو دینا چاہتا ہے وہ دے، ادنیٰ سا بھی تردد یا بوجھ ہو تو وہ ہرگز نہ دے۔ یہ ایک خاص نوعیت کی تحریک ہے جس میں بشاشت طبع ہی ضروری نہیں بلکہ طبیعت کا دباؤ ضروری ہے۔ دل سے بے قرار تمنا اٹھ رہی ہو، یہ خواہش پیدا ہو رہی ہو کہ میں اس میں شامل ہوں۔ آج ایک آنہ بھی جس کو توفیق ہو وہ بھی بہت عظیم دولت ہے وہ بھی خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک بہت بڑی سعادت ہوگی۔

اس اعلان کے ایک روز بعد یعنی 15 مارچ 1986ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اس تحریک کو سیدنا بلالؓ فنڈ کا نام عطا فرمایا۔

اس فنڈ میں چندہ کی ادائیگی کرنے والے احباب کے ناموں کی فہرست دعا کیلئے ہر ماہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں پیش کی جاتی ہے۔ (ناظر اعلیٰ)

سالانہ کنونشن IAAAE

☆انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹ اینڈ انجینئرز کا 25 واں سلور جوبلی سالانہ کنونشن 10 اور 11 دسمبر 2005ء کو انصار اللہ ہال ربوہ میں منعقد ہوگا۔ تمام انجینئرز، آرکیٹیکٹس اور سٹوڈنٹس احباب و خواتین سے اس نہایت مفید اور معلوماتی پروگرام میں شرکت کی گزارش ہے۔ اس کنونشن میں صنعتی نمائش کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ خواہش مند احباب مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں:

انجینئر نوید اطہر شیخ 0333-4225680

enem@lhr.paknet.com.pk,

انجینئر شیخ حارث احمد 0333-6713202

haris@iaaae.com

ایسوسی ایشن آف کمپیوٹر پروفیشنلز کا سالانہ کنونشن

☆ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) اپنا نواں سالانہ کنونشن انشاء اللہ 6,5 مارچ 2006ء کو منعقد کر رہی ہے۔ کنونشن میں انشاء اللہ کمپیوٹر فیلڈ کے ماہرین کی بڑی تعداد شرکت کرے گی نیز کمپیوٹر فیلڈ سے متعلقہ مختلف علمی و تحقیقی موضوعات پر لیکچرز اور ماہرین کے ساتھ Group Discussion کے پروگرام ہوں گے۔ کمپیوٹر فیلڈ سے تعلق رکھنے والے احباب وخواتین AACP کی ممبرشپ اور تفصیلی پروگرام کے لئے ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز کے مقامی مجلس کے عہدیداران سے رابطہ کریں۔ جہاں مقامی مجلس نہ ہو وہاں کے خواتین وحضرات ممبرشپ اور معلومات کے لئے جنرل سیکرٹری سنٹرل سے درج ذیل پتہ پر رابطہ فرمائیں۔

ای میل: gs@aacp.info

فون: 047-6213694 (شام 6 تا 10 بجے رات)

موبائل نمبر: 0333-6714339

(چیئرمین AACP)

گمشدہ رسید بک

☆مجلس انصار اللہ پاکستان کی رسید بک نمبر 2856 مجلس انصار اللہ گوٹھ چوہدری سلطان علی گوندل ضلع حیدرآباد سے جس کی رسیدات 1 تا 64 استعمال ہو چکی ہیں، گم ہو گئی ہے۔ درج بالا رسید بک پر کسی قسم کا چندہ ادا نہ کیا جائے۔ اگر کسی کو ملے تو براہ کرم دفتر میں بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ (قائد مال انصار اللہ پاکستان ربوہ)

ایک واقف نو کی نمایاں کامیابی

مکرم مظفر احمد خالد صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے عامر احمد نعمان واقف نو جماعت نہم ایف جی بوائز پبلک ہائی سکول جہلم کینٹ انگلش میڈیم نے 24 ستمبر 2005ء کو راولپنڈی ڈویژن کے مقابلہ جات میں اول پوزیشن حاصل کی اور ٹرافی وسند کا مستحق قرار پایا۔ اگلے مرحلے میں آل پاکستان کا مقابلہ مورخہ 12 نومبر 2005ء کو گوجرانوالہ کے ایف جی ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ (سیکنڈری سکول) میں ڈویژن سے اول آنے والے طلباء کے مابین منعقد ہوا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے انہوں نے اول پوزیشن حاصل کی اور ٹرافی اور سند سے نوازا گیا اور پھر مورخہ 28 نومبر 2005ء کو پشاور کینٹ میں تقریب تقسیم انعامات کے موقعہ پر ان کو آل پاکستان تقاریر میں اول آنے پر ٹرافی اور سند سے نوازا گیا۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے میرے بیٹے کی یہ کامیابی آئندہ کامیابیوں کا پیش خیمہ اور خاندان اور احمدیت کیلئے بابرکت بنائے۔

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

امریکہ سے کینسر اور خون کی بیماریوں کے ماہر کی آمد

احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن آف U.S.A کے تعاون سے فضل عمر ہسپتال ربوہ میں امریکہ سے وقف عارضی پر آنے والے ڈاکٹروں کی خدمات سے استفادہ کیا جا رہا ہے۔ اس کے تحت مکرم ڈاکٹر محمد اشرف میلو صاحب MD. FACP (Oncologist) مورخہ 21 اور 22 دسمبر 2005ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ جو احباب اس سہولت سے استفادہ کرنا چاہتے ہوں وہ میڈیکل رسرجیکل آؤٹ ڈور سے ریفر کروا کر شعبہ پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔ بغیر ریفر کروائے مکرم ڈاکٹر صاحب کو دکھانا ممکن نہیں ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں وزیٹنگ فیکلٹی (Visiting Faculty) کا اعلان ویب سائٹ پر بھی کیا جاتا ہے۔

www.foh-rabwah.org

(ایڈمنسٹریٹر)

ولادت

مکرم مقبول حسین ضیاء صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کے بیٹے مکرم ظہور احمد مقبول صاحب مربی سلسلہ کو مورخہ 30 نومبر 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ جس کا نام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت عطاء الباقی منصور عطا فرمایا ہے۔ نومولود وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ نومولود مکرم راجہ محمد عبداللہ صاحب کارکن خلافت لائبریری کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک خادم دین، باعمر اور نافع الناس وجود بنائے اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم محمد اختر صاحب معلم وقف جدید تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے ہم زلف مکرم طارق محمود خان صاحب سینئر ٹیک پی اے ایف بیس کراچی کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے تین بیٹیوں کے بعد مورخہ 17 نومبر 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ بچے کا نام حسیب احمد تجویز ہوا ہے بچہ مکرم ناصر محمود خان صاحب مرحوم دارالنصر شرقی ربوہ کا پوتا اور مکرم ماسٹر محمد ظفر اللہ صاحب ڈوگر آف نانو ڈوگر ضلع لاہور کا نواسہ ہے بچے کی پیدائش بذریعہ میجر اپریشن ہوئی ہے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے اور ماں کو صحت وتندرستی والی زندگی عطا فرمائے اور بچہ کو خادم دین صالح اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

مکرمہ بشریٰ عباس صاحبہ اہلیہ مکرم غلام عباس ساہی صاحب ناصر آباد شرقی ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے 13 نومبر 2005ء کو ہمیں پہلے بیٹے سے نوازا ہے جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت کاشف عباس عطا فرمایا ہے۔ نومولود وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ بچہ مکرم فضل الٰہی ملک صاحب کا نواسہ اور مکرم عمر حیات صاحب ساہی 33 جنوبی سرگودھا کا پوتا ہے۔ خاکسارہ میاں خدا بخش بھیروی رفیق حضرت مسیح موعود کی نواسی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک خادم دین باعمر اور نافع الناس وجود بنائے نیز والدین کیلئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

مکرم مظفر احمد صاحب ولد مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب چک نمبر 132 گ ب ضلع فیصل آباد تحریر کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کو مورخہ 19 مارچ 2005ء کو ایک بیٹی کے بعد ایک بیٹے سے نوازا ہے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچے کا نام انصر احمد عطا فرمایا ہے بچہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے بچہ مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب فیصل آباد کا نواسہ اور چوہدری فرید احمد صاحب قائد خدام الاحمدیہ ضلع فیصل آباد کا بھانجا ہے احباب سے درخواست دعا ہے اللہ تعالیٰ بچے کو نیک خادم دین صالح اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے اور صحت وسلامتی والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین

نابینا بھائیوں کو آزمائش میں نہ ڈالیں

بعض لوگ اپنے واقف کار نابینا بھائیوں سے مصافحہ کرتے وقت خاموش رہتے ہیں اور اپنا نام نہیں بتاتے بلکہ یہ توقع کرتے ہیں کہ نابینا بھائی ان کو پہچانیں جب نابینا بھائی پہچان نہیں سکتے تو اس پر وہ پرانی مثالیں بھی دیتے ہیں کہ فلاں نابینا پہچان لیا کرتے تھے آپ مجھے کیوں پہچان نہیں سکے۔ اس عمل کے ذریعہ اپنے نابینا بھائیوں کو آزمائش میں نہ ڈالیں بلکہ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ مصافحہ کرتے وقت اپنا تعارف کروانا چاہئے۔ جسمانی طور پر معذور افراد کی حوصلہ افزائی اور ان کو معاشرے کا مفید وجود بنانا یہ ہم سب کا معاشرتی اور اخلاقی فرض ہے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

لندن میں براعظم یورپ کے پہلے جامعہ احمدیہ کا بابرکت افتتاح

ایک دن آئے گا کہ ہر ملک میں جامعہ احمدیہ کھولنا پڑے گا۔ یہ ایک ایسا ادارہ ہے جو جماعت احمدیہ کا خالص دینی تعلیم سکھانے والا ادارہ ہے۔ صرف وہ لوگ یہاں داخل ہوں گے جنہوں نے اپنی زندگیاں دین کی خدمت کے لئے وقف کی ہیں

آپ خوش قسمت ہیں کہ خدا تعالیٰ نے آپ کو ایسے ماں باپ عطا کئے جو اپنے بچوں کو خدا کی راہ میں پیش کرنے کے لئے، دین کی خاطر وقف کرنے کے لئے، خوشی سے تیار ہو گئے۔

ہمیشہ ذہن میں رہے کہ مَیں واقف زندگی ہوں۔ اب میرا اپنا کچھ بھی نہیں۔ میری ذات اب خدا کے لئے اور جماعت کے لئے ہے۔

(سیدنا حضرت خلیفۃالمسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا طلباء جامعہ احمدیہ لندن سے افتتاحی خطاب اور دیگر معلومات پر مبنی رپورٹ)

یکم اکتوبر 2005ء وہ تاریخی دن ہے جب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جامعہ احمدیہ برطانیہ کا افتتاح فرمایا۔ یہ براعظم یورپ کا پہلا جامعہ احمدیہ ہے جس میں یورپ بھر سے واقفین زندگی منتخب طلباء کو داخلے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ جب یکم اکتوبر کی شام پانچ بج کر دس منٹ پر جامعہ احمدیہ کی عمارت میں تشریف لائے تو مکرم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت احمدیہ برطانیہ اور جامعہ احمدیہ سے متعلقہ مختلف افراد نے حضور انور کا استقبال کیا۔ سب سے پہلے حضور انور نے جامعہ کے احاطہ میں ایک زیتون کا پودا لگایا اور دعا کروائی۔ جس کے بعد جامعہ احمدیہ کی نئی عمارت کی تزئین کے لئے خدمت کی سعادت پانے والوں کو مصافحہ کا شرف عطا فرمایا۔ اور پھر جامعہ کی عمارت کا معائنہ فرمایا۔ حضور انور تمام طلبہ کے رہائشی کمروں کو دیکھنے بھی تشریف لے گئے جہاں طلبہ نے اپنے آقا سے مصافحہ کا شرف حاصل کیا اور اپنا تعارف کروایا۔ اس کے بعد حضور انور نے یادگاری تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور پھر ایک پُر وقار تقریب کا انعقاد عمل میں آیا۔

تقریب افتتاح

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزم مرتضٰی احمد (یو۔کے) نے کی۔ آیات کریمہ کا ترجمہ عزیزم طارق احمد ظفر (جرمنی) نے پڑھا۔ پھر حضرت مسیح موعود کا پاکیزہ کلام مکرم سید سلمان شاہ صاحب (یو۔کے) نے پیش کیا۔ جس کے بعد حضور انور نے مختصر خطاب فرمایا۔

حضور کا خطاب

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشہد، تعوذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا کہ الحمد للہ، آج UK کے جامعہ احمدیہ کا آغاز ہو رہا ہے۔ ویسے تو دو دن سے باقاعدہ طلباء آ چکے ہیں لیکن Formal Opening آج ہو رہی ہے۔

فی الحال تو یہ جامعہ صرف یو۔کے کا جامعہ نہیں ہے بلکہ تمام یورپین ممالک کا جامعہ ہے۔ کیونکہ اس میں مختلف ممالک سے آکر طلبہ داخل ہوئے ہیں۔ اور جب تک کسی اور یورپین ملک میں جامعہ شروع نہیں ہو جاتا یہ ایک لحاظ سے جامعہ احمدیہ پورے یورپ کے لئے ہی ہے۔ کیونکہ اس جامعہ احمدیہ نے ہی اس علاقہ کے واقفینِ نو نوجوانوں کو جنہوں نے اپنے آپ کو مربی بننے کے لئے پیش کیا ہے، ان کو سنبھالنا ہے۔ سوائے جرمنی کے باقی یورپین ممالک میں تو جماعت کی تعداد بہت تھوڑی ہے۔ اور اگر اس کے بعد کبھی جامعہ کھلا تو ہو سکتا ہے کہ جرمنی کا نمبر ہی دوسرا ہو کیونکہ واقفینِ نو کی تعداد کے لحاظ سے اور وسائل کے لحاظ سے بھی وہی اس قابل ہے کہ جو جامعہ چلا سکتا ہے۔ اور ہو سکتا ہے کہ جب جرمنی میں جامعہ کھل جائے تو یورپ کے جو اُس کے قریب کے بہت سارے ممالک کے طلباء ہیں وہ وہاں جا کر داخلے لیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے جب وقفِ نو کی تحریک فرمائی تھی تو فرمایا تھا کہ ہمیں لاکھوں واقفینِ نو چاہئیں۔ اب تک تو واقفینِ نو کی تعداد ہزاروں میں ہے لیکن جس طرح جماعت کی تعداد بڑھ رہی ہے اور جس طرح والدین کی اس طرف توجہ پیدا ہو رہی ہے، انشاء اللہ تعالیٰ لاکھوں کی تعداد ہو جائے گی۔ اور پھر ظاہر ہے کہ ہر ملک میں جامعہ احمدیہ کھولنا پڑے گا۔ اور یہ انشا اللہ تعالیٰ ایک دن ہو گا۔

حضور انور نے طلبہ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ جو طلباء مختلف ممالک سے دینی تعلیم حاصل کرنے کے لئے یہاں آئے ہیں، اللہ تعالیٰ کے اس حکم کے تحت آئے ہیں کہ دین کا علم حاصل کرو۔ آپ اس گروہ میں شامل ہوئے ہیں جنہوں نے دوسروں کو دین سکھانے اور اللہ تعالیٰ کا پیغام دنیا میں پہنچانے کا عہد کیا ہے، اس کے لئے اپنے آپ کو وقف کیا ہے۔ دنیا میں بہت سے فرقوں اور حکومتوں نے دینی علم سکھانے کے لئے مدارس کھولے ہوئے ہیں جن کو بہت زیادہ فنڈز بھی مہیا ہوتے ہیں، بہت ساری سہولتیں بھی میسّر ہیں جو جماعت احمدیہ کے لحاظ سے جہاں بھی جامعہ احمدیہ ہیں وہاں مہیا نہیں کی جا سکتیں۔ اور اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ جہاں بھی یہ دینی علم دیا جاتا ہے ان کو کافی علم ہوتا ہے۔ (۔) لیکن آپ لوگ ان خوش قسمت لوگوں میں سے ہیں جن کے والدین کو آباؤ اجداد کو حضرت مسیح موعود کو ماننے کی توفیق ملی۔ اور پھر اس پر یقین میں اس حد تک بڑھے کہ خلیفۂ وقت کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اپنے بچوں کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں پیش کر دیا۔ اور اللہ تعالیٰ کے حضور نیک اولاد کی دعا کی تا کہ اسے اللہ کے حضور پیش کر سکیں۔ بہت سی ماؤں نے یہ دعا کی کہ جو کچھ بھی میرے پیٹ میں ہے، اے اللہ! اسے میں تجھے پیش کرتی ہوں۔ اور یہ بھی صرف اسی وجہ سے ہے کہ ان کو حضرت مسیح موعود سے ایک سچا تعلق ہے۔ اسی لئے اُن میں اپنے بچوں کو وقفِ نو میں پیش کرنے کی خواہش پیدا ہوئی اور اکثر جو خط آتے ہیں وقفِ نو کی اولاد کے لئے کہ ہمارے بچوں کو وقفِ نو میں شامل کریں، اکثریت ان میں سے احمدی ماؤں کے خط ہوتے ہیں۔ تو یہ بھی اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس زمانے میں کہ جب مائیں چاہتی ہیں کہ بچے ہوں اور ان کے ذریعے سے دنیاوی خواہشیں پوری ہوں۔ (احمدی مائیں) انہیں دین کی خاطر وقف کرتی ہیں۔

حضور انور نے طلبہ سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ پس آپ خوش قسمت ہیں کہ خدا تعالیٰ نے آپ کو ایسے ماں باپ عطا کئے جو اپنے بچوں کو خدا کی راہ میں پیش کرنے کے لئے، دین کی خاطر وقف کرنے کے لئے، خوشی سے تیار ہو گئے۔ پس جہاں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اپنے ماں باپ کے لئے بھی دعا کریں کہ ان دونوں پر بھی رحم کر جس طرح ان دونوں نے بچپن میں میری تربیت کی، اور میں باوجود دنیا کی چکا چوند کے، اس معاشرے میں رہتے ہوئے جہاں ہر طرف غلاظتیں ہیں بلوغت کی عمر کو پہنچ کر، اس تربیت اور دعا کی وجہ سے جو میرے والدین نے کی، اے اللہ! آج میں تیرے دین کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے اس ادارے میں داخل ہو رہا ہوں۔ ہمیشہ یہ دعا کریں کہ اے اللہ ہمیشہ مجھے اپنے والدین کا بھی عہد پورا کرنے کی توفیق دے اور مجھے اپنا عہد پورا کرنے کی بھی توفیق دے اور ہر موقع پر، ہر تکلیف میں، ہر امتحان میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کا ہی جواب دینے والے ہوں کہ تُو مجھے انشاء اللہ صبر کرنے والوں اور ایمان پر قائم رہنے والوں میں سے پائے گا۔ اگر آپ اس طرح اپنے عہد نبھاتے رہے تو تب ہی آپ وقف کے میدان میں کامیاب اور اللہ کا پیار حاصل کرنے والے ہوں گے۔ اور اس طرح اللہ کی رضا حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگی گزارنے والے ہوں گے۔ اور ہر موقعہ پر اللہ تعالیٰ خود آپ کو اپنا ہاتھ رکھ کر ہر مشکل سے نکالے گا۔ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے پیار کی نظر آپ پر ہو گی۔ لیکن ہر قربانی کے لئے تیار ہونا اور ہر قربانی کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ کو اس روح کو قائم رکھتے ہوئے اپنے ماں باپ کا اور اپنا عہد پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

حضور انور نے طلبہ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ یہاں جو چند سال آپ نے گزارنے ہیں (تقریباً سات سال) ان میں ہر دن آپ میں انقلاب لانے والا دن ثابت ہونا چاہئے۔ اپنے عہد کا پاس کرنے والا دن نظر آنا چاہئے۔ آپ کے اساتذہ کو بھی، آپ کے گھر والوں کو بھی، آپ کے ماحول کو بھی اور آپ کو خود بھی اپنے اندر ہر روز ایک نئی اور پاک تبدیلی پیدا ہوتی نظر آنی چاہئے۔ آپ کا اللہ تعالیٰ سے تعلق روز بروز بڑھنا چاہئے۔ ہمیشہ یہ ذہن میں رہے کہ میں واقفِ زندگی ہوں۔ اب میرا اپنا کچھ بھی نہیں، میری ذات اب خدا کے لئے اور خدا کی جماعت کے لئے ہے۔ جامعہ کے ان سالوں میں مکمل طور پر پڑھائی کی طرف توجہ دیں۔ بعض مضمون آپ کو مشکل لگیں گے۔ دعا کے ساتھ محنت کرتے ہوئے اپنے اساتذہ کی رہنمائی میں ان کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ چھوٹی موٹی تکلیفوں اور بیماریوں کی کبھی پرواہ نہ کریں، وہ تو آتی رہتی ہیں۔ بعض بچے بڑے نازک ہوتے ہیں، ذرا سی بھی سر درد ہوئی تو لیٹ جاتے ہیں۔ تو سخت جانی کی عادت ڈالیں، ایک ایک لمحہ آپ کا قیمتی ہے۔ رات کو سوتے ہوئے اپنا جائزہ لینے کی عادت ڈالیں کہ دن کے دوران کوئی لمحہ بھی ایسا تو نہیں جو میں نے ضائع کیا ہو۔ جب آپ اسی طرح اپنا جائزہ لے رہے ہوں گے تو ابھی سے آپ کو اپنے وقت کی قدر کا احساس بھی پیدا

ہو جائے گا، وقت کے صحیح استعمال کی عادت بھی پڑ جائے گی۔ جب یہاں سے فارغ ہوں گے، مربی بن کر، (۔) بن کر نکلیں گے تو اپنی زندگی ہر لمحہ اور ہر سیکنڈ دین کی خاطر گزارنے والے ہوں گے۔ اور جب اس طرح وقت گزاریں گے تو تبھی آپ اپنے عہد کو پورا کرنے والے کہلا سکیں گے۔

حضور انور نے طلبہ کو روزمرہ کے پروگرام کے حوالہ سے بھی اہم نصائح فرمائیں۔ چنانچہ فرمایا کہ ایک بات اور یاد رکھیں کہ یہاں جو بھی کلاسوں میں پڑھیں جامعہ کے وقت کے بعد اُس کی دُہرائی ضرور کریں۔ جب اپنے کمروں میں جائیں جو روز پڑھا ہو، روز کا روز دُہرا لیا کریں تا کہ جو بھی پڑھا ہے وہ آپ کے ذہن میں بیٹھ جائے۔ اس کے علاوہ بعض آپ میں سے ایسے بھی ہوں گے جن کو اُردو پڑھنی نہیں آتی تو جب تک اُردو پڑھنی نہیں آتی اُس وقت تک حضرت مسیح موعود کی کوئی بھی کتاب جس کا انگلش میں ترجمہ ہو چکا ہو کیونکہ انگلش تو تقریباً ساروں کو آتی ہے، اُس کو پڑھیں یا بعض حصوں کے ترجمے ہو چکے ہیں اُن کو روزانہ پڑھنے کی عادت ڈالیں۔ پھر اُس کو سمجھنے کی عادت ڈالیں اور یاد رکھیں کہ ہر صورت میں آپ نے زائد مطالعہ کرنا ہے۔ (یعنی) جو جامعہ کا پڑھنا ہے اُس کی دہرائی کرنی ہے اور اُس کے علاوہ زائد مطالعہ بھی کرنا ہے۔ قرآن کریم کی تلاوت روزانہ کرنا آپ کی تعلیم کا حصہ ہے اور پابندی ہوگی ہوسٹل میں رہنے والوں کے لئے کہ نماز کے بعد تلاوت کیا کریں۔ لیکن اس کی تلاوت اور اس کو سمجھنا اس لئے بھی اپنے اوپر لازم کر لیں کہ ہم نے اپنی زندگی پر اس تعلیم کو لاگو کرنا ہے۔ اس پر عمل کرنا ہے۔ اُن کی طرح نہیں ہونا جو دوسروں کے لئے تو علم سیکھ لیتے ہیں لیکن اپنے پر عمل کرنے کی ان کو توفیق نہیں ہوتی۔ جب وقت آئے تو سو بہانے تراشتے ہیں۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ روزانہ اخبار کا مطالعہ بھی ہونا چاہئے۔ دوسرے رسالوں کا مطالعہ بھی ہونا چاہئے۔ پھر کھیلیں ہیں اُس میں بھی آپ کو ضرور حصہ لینا چاہیے۔ اس بات کو اپنے پر فرض کر لیں کہ سوائے ان چھ سات گھنٹے کے جو آپ نے سونا ہے، باقی وقت بالکل مصروف رہنا چاہیے۔ یاد رکھیں کہ آپ کو اس جامعہ کا ابتدائی طالب علم بننے کا موقعہ مل رہا ہے۔ یہ بہت بڑا اعزاز ہے اور ایک ذمہ داری بھی ہے۔ طلباء کا بھی اپنا ایک مزاج ہوتا ہے جو پھر اُس ادارے کا مزاج بن جاتا ہے اور پھر آئندہ آنے والے بھی عموماً اُسی پر چلتے ہیں۔ اگر پہلے طلباء اچھے ہوں تو انتظامیہ کو بعد کے طلباء پر بھی زیادہ محنت نہیں کرنی پڑتی اور طلباء کے اچھے ہونے کی وجہ سے ہی ادارہ مشہور ہوتا ہے۔ بعض دفعہ اچھی لاٹ آ جاتی ہے طلباء کی، وہ کالج اُن کی وجہ سے بڑا مشہور ہو جاتا ہے حالانکہ پروفیسر یا ٹیچر یا پڑھانے والے اُسی طرح محنت کر رہے ہوتے ہیں۔ اس لئے آپ لوگوں نے خود بھی خاص طور پر توجہ سے اچھا بننا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جامعہ احمدیہ کا اپنا ایک تقدس بھی ہے۔ اگر آپ اُس پر پورا نہیں اتریں گے تو ہو سکتا ہے کہ انتظامیہ ایسے طلباء کے خلاف کوئی کارروائی بھی کرے جو اس تقدس اور معیار کا خیال نہیں رکھ رہے کیونکہ بُری مثالیں تو بہر حال اس ادارہ میں قائم نہیں کرنی۔ یہ ایک ایسا ادارہ ہے جو جماعت احمدیہ کا خالص دینی تعلیم سکھانے والا ادارہ ہے۔ خالص وہ لوگ یہاں داخل ہوں گے جنہوں نے اپنی زندگیاں دین کی خدمت کے لئے وقف کی ہیں۔ تو اس لحاظ سے بہر حال پھر انتظامیہ کو دیکھنا بھی پڑتا ہے۔ لیکن آپ لوگوں سے میں یہ کہتا ہوں کہ اگر آپ جو طلباء آئے ہیں، ہر لحاظ سے اعلیٰ مثالیں قائم کر لیں تو جامعہ کی تاریخ میں آپ کا نام سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ ہمیشہ آپ کو اس نام سے یاد کیا جائے گا کہ یہ ایسے طلباء تھے جن سے بعد میں آنے والوں نے بھی راہنمائی حاصل کی۔ کیونکہ لمبی کلاسیں چلنی ہیں، ہر سال داخلے ہوں گے تو ظاہر ہے وہ آپ کے نمونے بھی دیکھ رہے ہوں گے۔

آخر میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس دعا کے ساتھ اپنا خطاب مکمل فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی تعلیم مکمل کرنے، نیکیوں میں بڑھتے چلے جانے اور اپنے وقف کو نبھانے کی توفیق عطا فرمائے۔

اس کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی۔

بعد ازاں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے جامعہ کے طلبہ اور اساتذہ کے ساتھ چائے نوش فرمائی۔ دیگر مہمانوں کے لئے علیحدہ کمرے میں انتظام کیا گیا تھا۔ اس موقع پر طلبہ کے والدین اور بہت سے دیگر مہمان مدعو تھے۔ لجنات کی نمائندہ خواتین اور بچوں کی ماؤں نے پردہ کی رعایت سے اسی عمارت کے ایک الگ کمرہ میں بیٹھ کر اس تاریخی تقریب میں شمولیت کی سعادت حاصل کی۔ حضور انور کی حرم محترمہ سیدہ امتہ السبوح صاحبہ مدظلہا بھی آخر وقت تک خواتین کے ساتھ تقریب میں شامل رہیں۔ قریباً سات بجے شام حضور انور واپس تشریف لے گئے۔

جامعہ کی مختصر تاریخ

آج سے سو سال پہلے حضرت اقدس مسیح موعود نے اگرچہ اپنی وفات سے کئی سال قبل یہ ارادہ فرمایا تھا کہ احمدی بچوں کی دینی تعلیم کے لئے ایک مدرسہ جاری کیا جانا چاہئے اور اس سلسلہ میں 15 ستمبر 1897ء کو ایک تحریک بھی فرمائی تھی۔ آپ کا ارادہ تھا کہ اس سکول میں روزمرہ کی درسی تعلیم کے علاوہ ایسی کتب بچوں کو پڑھائی جائیں گی جو مَیں اُن کے لئے لکھوں گا۔ اس سے دین حق کی خوبی سورج کی طرح ظاہر ہوگی اور دوسرے مذاہب کی کمزوریاں انہیں معلوم ہو جائیں گی جن سے ان کا باطل ہونا اُن پر کھل جائے گا۔ حضرت مسیح موعود نے اس مقصد کے لئے ایک کمیٹی بھی قائم فرمائی جس کے صدر حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب تھے اس کمیٹی کا پہلا اجلاس 27 دسمبر 1897ء کو ہوا جس میں کمیٹی نے سفارش کی کہ مدرسہ کا آغاز یکم جنوری 1898ء سے کر دیا جائے۔ چنانچہ مدرسہ تعلیم الاسلام کا افتتاح 3 جنوری 1898ء کو عمل میں آ گیا۔

1905ء میں جماعت احمدیہ کے بہت سے جیّد علماء وفات پا گئے جن میں حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی اور حضرت مولوی برہان الدین صاحب جہلمی شامل تھے۔ حضرت اقدس مسیح موعود نے اس خلاء کو محسوس فرمایا اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے 6 دسمبر 1905ء کو فرمایا کہ افسوس کہ جو مرتے ہیں ان کا جانشین ہم کو کوئی نظر نہیں آتا۔ پھر فرمایا مجھے مدرسہ کی طرف سے بھی رنج ہی پہنچتا ہے کہ جو کچھ ہم چاہتے تھے وہ بات اس سے حاصل نہیں ہوئی۔ اگر یہاں سے بھی طالب علم نکل کر دنیا کے طالب ہی بننے تھے تو ہمیں اس کے قائم کرنے کی ضرورت ہی کیا تھی۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ دین کیلئے خادم پیدا ہوں۔

اس کے بعد حضور نے بہت سے احباب کو بلا کر اُن کے سامنے یہ امر پیش فرمایا کہ مدرسہ (تعلیم الاسلام) میں ایسی اصلاح ہونی چاہئے کہ یہاں سے واعظ اور علماء پیدا ہوں۔ اس ضمن میں حضور نے مدرسہ میں ایک ''شاخِ دینیات'' کے قیام کا فیصلہ صادر فرمایا۔ چنانچہ جنوری 1906ء میں اس شاخ دینیات کا اجراء کر دیا گیا جس کے ابتدائی اساتذہ حضرت قاضی سید امیر حسین شاہ صاحب اور حضرت مولوی فضل دین صاحب (آف کھاریاں) مقرر ہوئے۔ بعد میں حضرت مولانا سید سرور شاہ صاحب بھی اساتذہ میں شامل کر دیئے گئے۔ پہلے سال میں 9 اور دوسرے سال میں 5 طلبہ اس کلاس میں داخل ہوئے۔

بعد ازاں یہی شاخ (دینیات کلاس) یکم مارچ 1909ء کو مدرسہ احمدیہ میں تبدیل ہوگئی۔ اس کا نیا نام حضرت مولانا شیر علی صاحب نے تجویز فرمایا اور اس کے پہلے ہیڈ ماسٹر حضرت مولانا سید سرور شاہ صاحب مقرر ہوئے۔ اس مدرسہ کا نصاب سات سال پر مشتمل تھا۔ حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب ستمبر 1910ء میں اس مدرسہ کے نگران اعلیٰ مقرر ہوئے اور مسند خلافت پر فائز ہونے تک یہ ذمہ داری ادا فرماتے رہے۔ آپ کی زیر نگرانی مدرسہ میں بہت ترقی ہوئی اور آپ نے طلبہ میں بلند ہمتی پیدا کرنے کے لئے کئی پروگرام ترتیب دیئے۔ طلبہ کو نیچے بیٹھ کر پڑھنے سے منع فرما دیا، صفائی کا خاص اہتمام کیا گیا، روزانہ کھیل لازمی قرار پائی۔ فن خطابت سکھانے کی طرف توجہ کی گئی، ایک لائبریری قائم فرمائی جس کے لئے قیمتی کتب کا ایک بڑا مجموعہ مرحمت فرمایا۔ حضور نے اوائل 1912ء میں ہندوستان کے مختلف مشہور مدارس (سہارنپور، ندوہ، دیوبند وغیرہ) کا اپنے خرچ پر دورہ کیا اور وہاں کے انتظام کے مطابق اپنے مدرسہ میں اہم تبدیلیاں فرمائیں۔ بعد ازاں آپ حج کی ادائیگی کے لئے بلاد عرب میں تشریف لے گئے اور وہاں عربی مدارس بھی دیکھنے کا موقع آپ کو ملا۔ 1913ء میں آپ ہی کے مشورہ پر حضرت سید ولی اللہ شاہ صاحب اور شیخ عبدالرحمٰن صاحب کو مصر میں بغرض تعلیم بھجوایا گیا۔ نیز طلبہ کو انگریزی کی تعلیم بھی دی جانے لگی اور وہ مولوی فاضل کے امتحان میں بھی شامل ہونے لگے۔ ایک دو سالہ طبّی کورس بھی آپ نے جاری فرمایا۔ پرائمری سے کم تعلیم رکھنے والے طلبہ کے لئے ایک علیحدہ کلاس یکم مارچ 1911ء سے جاری فرمائی۔

جب حضرت مصلح موعود مسند خلافت پر فائز ہوئے تو مدرسہ احمدیہ کا انتظام حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کے سپرد کر دیا گیا۔ 1919ء میں حضور نے ایک کمیٹی نامزد فرمائی جس نے جماعت کی ضروریات کے حوالہ سے مدرسہ احمدیہ کی سکیم پر نظر ثانی کی۔ اس کے نتیجہ میں 20 مئی 1928ء کو جامعہ احمدیہ کا قیام عمل میں آ گیا۔ وسط 1937ء میں حضرت میر محمد اسحٰق صاحب جامعہ احمدیہ کے ہیڈ ماسٹر مقرر ہوئے تو ادارہ میں بہت سی اہم اصلاحات کی گئیں۔ علمی مجالس کا قیام ہوا اور دعوت الی اللہ کے لئے قادیان سے باہر جا کر تقاریر کرنے کا سلسلہ شروع ہوا۔

قیام پاکستان کے بعد مدرسہ احمدیہ اور جامعہ احمدیہ کو ضم کر کے پہلے لاہور میں 13 نومبر 1947ء کو جاری کیا گیا۔ چند دن بعد پہلے چنیوٹ اور پھر احمد نگر میں اسے منتقل کر دیا گیا۔ دسمبر 1949ء میں جامعۃ المبشرین کا بھی اجراء ہوا تا کہ جامعہ احمدیہ کے فارغ التحصیل طلبہ کو دعوت الی اللہ کی خصوصی تربیت دی جائے۔ لیکن 7 جولائی 1957ء کو مدرسہ احمدیہ، جامعہ احمدیہ اور جامعۃ المبشرین (تینوں ادارے) ایک ہی درسگاہ ''جامعہ احمدیہ ربوہ'' میں مدغم کر دیئے گئے جس کے پرنسپل حضرت میر داؤد احمد صاحب مقرر ہوئے۔

اب تک قادیان اور ربوہ کے علاوہ غانا، نائیجیریا، تنزانیہ، انڈونیشیا اور کینیڈا میں جامعہ احمدیہ کا قیام عمل میں آ چکا ہے۔ اور اب لندن (برطانیہ) کا یہ جامعہ بھی اُسی مقدس درخت کا ایک اور شیریں پھل ہے جو حضرت اقدس مسیح موعود کے ہاتھوں لگایا گیا تھا۔

جامعہ احمدیہ برطانیہ

جامعہ احمدیہ برطانیہ کے حوالہ سے مکرم لئیق احمد صاحب طاہر (پرنسپل) نے بتایا کہ پہلے سال 29 طلبہ کو جامعہ میں داخل ہونے کی سعادت حاصل ہوئی ہے جن کا انتخاب ایک سو سے زائد امیدواروں کے انٹرویو لینے کے بعد کیا گیا ہے۔ ان خوش نصیب بچوں میں دو کا تعلق بیلجئم، تین کا ہالینڈ، چھ کا جرمنی، ایک کا سویڈن، پانچ کا ناروے اور بارہ کا برطانیہ سے ہے۔ تدریس کے لئے ان کے دو سیکشن بنائے گئے ہیں۔ پہلے دو سال میں ان کے نصاب میں تین زبانوں یعنی اردو، عربی اور انگریزی کا سیکھنا ہے نیز قرآن کریم ناظرہ اور آخری سمسٹر میں ترجمہ قرآن بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ تاریخ احمدیت اور تاریخ دین حق کے مضامین بھی شروع کئے گئے ہیں۔ حدیث بھی ہے جس

میں پہلے آنحضرت ﷺ کی قریباً پچاس دعائیں زبانی سکھائی جارہی ہیں۔ اسی طرح قریباً دو پارے پہلے سال میں حفظ کروائے جائیں گے۔ تعلیم صبح آٹھ بجے سے دوپہر دو بجے تک جاری رہے گی۔ روزانہ عصر کے بعد ایک علمی لیکچر کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ کھیل کا بھی با قاعدہ انتظام ہے۔ تیسرے سال سے تفسیر، منطق، صرف ونحو، کلام، فقہ اور حدیث وغیرہ کا با قاعدہ نصاب شروع ہوگا۔

مکرم پرنسپل صاحب نے مزید بتایا کہ جامعہ کی لائبریری کے لئے سینکڑوں کی تعداد میں مختلف موضوعات پر کتابیں اکٹھی کی گئی ہیں۔ تفاسیر قرآن اور احادیث کے مجموعوں کے علاوہ ادب، شاعری کی کتب بھی رکھی گئی ہیں۔ پاکیزہ ناول بھی موجود ہیں۔ ہزاروں پاؤنڈ کی کتب خریدی گئی ہیں اور بہت سی کتب تحفۃً بھی ملی ہیں۔ مکرم دین محمد صاحب آف ٹوٹنگ نے حضرت مسیح موعود کی کتب کا مکمل سیٹ تحفۃً دیا ہے۔ طلبہ کے لئے لائبریری کا ایک پیریڈ لازمی ہے جو کسی استاد کی زیرنگرانی ہوتا ہے۔ جامعہ میں تدریسی کتب کے علاوہ تعلیم اور کھانا بھی مفت ہے۔ طلبہ کو جیب خرچ بھی دیا جائے گا۔ طلبہ کے لئے دو Language Lab تیار کرنے کے بارے میں ریڈنگ یونیورسٹی سے بھی رابطہ ہے۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ جامعہ میں واقفین نو بچوں کے علاوہ ایسے بچے بھی داخل کئے جائیں گے جو از خود اپنی زندگیاں وقف کریں گے۔

مکرم سلیم ملک صاحب چیف ایڈمنسٹریٹر جامعہ احمدیہ نے بتایا کہ 1996ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے انٹرنیشنل مجلس شوریٰ کی تجویز پر ایک کمیٹی مقرر فرمائی جس کے چیئرمین مکرم وکیل اعلیٰ تحریک جدید ربوہ تھے۔ اس کمیٹی کا ایک رُکن خاکسار بھی تھا۔ مکرم چودھری صاحب کے ربوہ تشریف لے جانے کے بعد مکرم امیر صاحب جماعت یو۔کے اس کمیٹی کے صدر مقرر کئے گئے اور یہی طریق اب بھی جاری ہے۔ اس کمیٹی نے متعلقہ تجویز کے تمام پہلوؤں پر بار بار غور کیا۔ مختلف جگہیں اس مقصد کے لئے دیکھی گئیں۔ چونکہ حضور کا ارشاد تھا کہ وہ طلبہ کو اپنی نگرانی میں تعلیم دینا چاہتے ہیں اس لئے جامعہ کا فاصلہ بیت فضل لندن سے بیس میل سے زیادہ نہ ہو، چنانچہ اس پہلو کو بھی پیش نظر رکھا گیا۔ تاہم وسائل کی کمی کی وجہ سے اسلام آباد کا بھی کئی بار جائزہ لیا گیا۔ آخر اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ ایک ایسی عمارت دستیاب ہوگئی جو مکرم شیخ سعید صاحب سے جماعت نے خرید لی۔ یہ عمارت 8-South Gardens , Colleirs Wood London, SW19 2NT میں واقع ہے۔ یہ جگہ بیت الفتوح سے قریباً دو میل اور بیت فضل لندن سے قریباً تین میل کے فاصلہ پر ہے۔ بس اور انڈرگراؤنڈ ریلوے اسٹیشن جامعہ سے چند منٹ کے پیدل فاصلے پر ہیں۔ یہ ایک پرانا پرائمری سکول تھا جس کی تزئین نو مکرم ناصر خانصاحب کی زیرنگرانی کروائی گئی اور اس میں ہیٹنگ سسٹم اور PA سسٹم وغیرہ نصب کئے گئے۔ طلبہ کے لئے انتیس کمرے بنائے گئے جن میں انہیں بستر کے علاوہ میز، کرسی اور الماری کی سہولت بھی مہیا کی گئی۔

مکرم ملک صاحب نے مزید بتایا کہ دو سال کی تدریس اس عمارت میں مکمل کی جائے گی اور اس مقصد کے لئے ایک نیا Phase بھی تعمیر کیا جائے گا جس کی منظوری کونسل سے مل چکی ہے اور اس کی تعمیر کا آغاز آئندہ سال مارچ میں کر دیا جائے گا۔ اس فیز میں طلبہ کی رہائش کے لئے تیس مزید کمرے اور بعض دیگر ضروریات کے لئے چند تعمیرات بھی کی جائیں گی۔ تاہم تیسرے سال کی تعلیم کے لئے مزید عمارت درکار ہوگی اور اس بارہ میں مختلف تجاویز زیرغور ہیں۔

اللہ تعالیٰ اس ادارہ کا قیام ہر پہلو سے بابرکت فرمائے اور احمدیت کے ایسے مجاہد یہاں سے پیدا ہوں جو اپنے علم اور پاکیزہ عمل سے دین حقّی فوقیت دیگر ادیان پر ثابت کرنے والے ہوں۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 28 اکتوبر 2005ء)

وقت کی قدر کرو تا وقت تمہاری قدر کرے

یہ وہ پوسٹر تھا جو مجھے آٹھویں جماعت میں خوبصورت لکھائی میں لکھ کر لانے اور کلاس روم میں مناسب جگہ پر آویزاں کرنے کے لئے کہا گیا تھا۔ جبکہ ہمارے نصرت گرلز ہائی سکول کی انسپکشن ہونے میں چند دن باقی تھے۔ میں نے پوری کوشش سے اس پوسٹر کو لکھا، سجایا اور پھر لگایا بھی مگر کبھی اس کے الفاظ، ضرورت واہمیت پر غور نہ کیا۔ مگر آج جب میں نے سڈنی کی لمبی فلائٹ میں کچھ لوگوں کو اتنا مصروف پایا کہ گویا کہ وہ گھر پر یا آفس میں بیٹھے ہوں۔ ان میں سے کوئی اپنی ڈھیروں ڈاک دیکھ رہا ہے، پڑھتا ہے اور کچھ لکھ کر ایک طرف رکھ دیتا ہے۔ مگر ڈاک ہے کہ ختم ہونے میں نہیں آرہی، کوئی ننھا منا کمپیوٹر لئے بیٹھا اپنی سیٹ پر ہی ہاتھوں کی انگلیوں کو تیز تیز حرکت دیئے جا رہا ہے۔ مگر کوئی کاغذ قلم لئے نہ جانے ڈائری یا مضمون ہی لکھ رہا ہے۔ مگر وہ دنیا ومافیہا سے بے خبر کہ ہوائی جہاز کا وہ ایک مسافر ہے۔ سکرین پر کوئی فلم بھی آرہی ہے مگر اسے اس سے کیا کہ ایئر ہوسٹس بھی دو بار چکر لگا کر کہہ چکی ہے کہ "Sir, please move" آپ کسی اور کی سیٹ نمبر پر براجمان ہیں۔ گویا کچھ لوگ اپنا وقت بالکل ضائع نہیں کرتے بلکہ بہت اچھی طرح سے سفر بھی کارآمد بنا لیتے ہیں۔ یہ میں نے تب سوچا کہ جب میرے ذہن میں اچانک دیوار پر لکھا یہ پوسٹر یاد دلا گیا جو اس تحریر کے پیچھے پوشیدہ تھا اور ہے۔ یعنی سکول میں تو الھڑپن کا زمانہ تھا۔ پوسٹر کو سنوار کر لکھنا اور سجا سجا کر بنانا ہی بڑی کامیابی تھی اور بس اپنی ٹیچر کی خوشنودی حاصل کر لینا ہی مقصد ہوتا تھا۔ اگر کہیں انہوں نے خوش ہو کر شاباش کہہ دیا یا کاپی پر لکھ دیا تو گویا آج کے دن کی مراد پوری ہوگئی۔ ہوم ورک پر ذرا اچھے نمبر مل گئے تو بس ہم سب کچھ کرنے کو تیار۔ گھر آکر بھی خوب خوب کام کاج کر کے امی جان کو خوش کر دینا اور پھر رات گئے تک پڑھنا بھی کچھ زیادہ مشکل نہ لگنے لگا۔ یہ تھیں ہماری زندگی کی چھوٹی چھوٹی خوشیاں اور دلچسپیاں اور بس۔

مگر اب جبکہ زمانے کے نشیب وفراز، گرمی سردی اور بہت کچھ دیکھ چکی ہوں میں یہ کہنے میں ذرہ بھر بھی جھجک محسوس نہیں کرتی کہ وہ پوسٹر تو ہماری زندگی کے لئے ایک سنگ میل تھا اور مجھے وہ تحریر ذہن میں رکھ کر ہی زندگی گزارنا چاہئے تھی جس میں اس زندگی کے راز پنہاں ہیں۔ قدرت بھی تو وقت کی پابندی ہمیں سکھاتی ہے۔ دن رات وقت پر بدلتے، گھٹتے اور بڑھتے ہیں۔ موسم وقت پر بہار اور خزاں لاتے ہیں۔ انسانی زندگی کے قویٰ بھی ایک وقت تک مضبوط اور توانا رہتے ہیں۔ خدائے پاک کی عبادت کے لئے بھی وقت مقررہ پر ادا کرنے کا اجر بڑھا دیا گیا ہے۔ سویرے اٹھنا، بدلتے موسم کے ساتھ اور حالات بدلنے کے ساتھ اپنے آپ کو بدلنا اور بیکار وقت نہ کھونا ہی تو زندگی کی حقیقت کو پانا ہے۔ بیکار بیٹھ کر اپنے آپ کو کوسنا کہ کاش میں نے یہ نہ کیا ہوتا اور یہ کیا ہوتا۔ بلکہ وقت کی دوڑ کے ساتھ ہمیں بھی دوڑنا چاہئے۔ بلکہ احسن رنگ میں اپنی ڈائری کے اوراق کو ترتیب دے کر نہ صرف ٹی وی اور ریڈیو کے پروگراموں کی تاریخیں اور وقت لکھ لینے چاہئیں بلکہ ضرورت کے مطابق کس کام کو پہلے اور کتنی دیر میں کرنا چاہئے لکھیں اور نشاندہی کر لیں، مارکر سے ہائی لائیٹ کر لیں تاکہ یاد رہے اور آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے پائے۔ اور پھر اہمیت کے مطابق وقت کے اندر پورا کر کے مزید تحقیق وتحریر میں آگے بڑھنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ کسی نے یہ کہہ تو دیا کہ "کبھی آج کا کام کل پر نہ چھوڑو" آخر سارے کام ایک دن میں تو پورے نہیں ہوسکتے نا مگر جو شروع کیا ہو اس کو ادھورا یا نامکمل نہیں چھوڑنا چاہئے۔ دن تو صرف چوبیس گھنٹوں کا ہی ہوتا ہے مگر مستقل مزاجی اور تحمل سے کام کرنے سے ذرا اچھا لگتا ہے اور وقت پر پورا بھی ہوسکتا ہے اور جب کبھی خدانخواستہ طبیعت خراب ہو، یا مہمانوں کی اچانک آمد اور دیگر مصروفیات آن پڑیں تو آپ بخوبی جانتے ہیں کہ ہمیں اپنے ضروری کام بھی ادھورے چھوڑنے پڑتے ہیں۔ وگرنہ مہمانوں کو بھی گلہ ہو جاتا ہے کہ لو دیکھو ہم ان کے شہر گئے تو نہ ہمیں دعوت پر بلایا نہ سیر کرائی اور نہ شاپنگ کرائی بس اپنے کاموں اور مصروفیت کے قصے سنا کر روکھی سوکھی چائے پر ٹرخا دیا۔ خواہ آپ نے کئی گھنٹے ان کے ساتھ گزارے ہوں۔

وقت کا ضیاع مختلف طریقوں سے ہوتا ہے۔ مثلاً رات دیر تک جاگتے رہنا، ٹیلیویژن کے پروگرام دیکھنا یا گپیں ہانکنا اور صبح کی عبادت کے لئے وقت پر نہ اٹھ سکنا وقت کی ناقدری نہیں تو اور کیا ہے۔ جبکہ زندگی کا مقصد یعنی عبادت میں سستی، تاخیر اور کبھی قضا کر لینا بالآخر آپ کی عادت بن کر ایمان کی کمزوری بن سکتی ہے۔ دنیا کے پروگراموں میں دلچسپی لینے کے لئے ہر وقت تیار مگر خدا تعالیٰ خالق و مالک کے آگے سربسجود ہونے کے لئے غفلت برتنا کیوں کر قابل قبول ہوسکتا ہے؟ مہمانوں کو بھی چاہئے کہ وقت پر بلاوے پر جائیں اور مناسب وقت قیام کرنے کے بعد میزبان سے اجازت لے کر واپس گھر آجائیں تاکہ دونوں کو خدا کی یاد اور پکار کا خیال رہے۔

مائیں ننھے بچوں کو دودھ پلانے میں خاصہ وقت اپنے نونہال کو گود میں لے کر بیٹھتی ہیں۔ یہ وقت قیمتی وقت ہوتا ہے۔ تسبیح، تحمید اور دعاؤں کا ورد اس جسمانی غذا کے ساتھ ساتھ آپ اپنے بچوں کو روحانی غذا بھی بہم پہنچا سکتی ہیں۔ یہ کچھ مشکل نہیں۔ آپ حیران ہوں گے کہ بچے میں حیرت انگیز طور پر ایسی خداداد صلاحیتیں ابھریں گی کہ وقت ہی آپ کو بتائے گا کہ اس بچے کو آپ نے دودھ کے ساتھ کیا پلایا تھا جو یہ آج آسمان احمدیت کا روشن ستارہ بن کر ابھرا ہے۔ بزرگوں کا کہنا ہے کہ تربیت بچپن ہی سے کرو جبکہ شاخیں نازک اور کونپلیں نرم ہوتی ہیں اور آسانی سے جدھر موڑنا چاہو تو مڑ جاتی ہیں۔ لیکن اگر مضبوط اور سخت پکی ہو جائیں تو ذرا بھی موڑنا چاہیں گے تو ٹوٹ جائیں گی۔ یا یہ ہوسکتا ہے کہ موڑنے پر آپ کو ہی چوٹ لگ جائے اور ویسے بھی تو آپ نے دیکھا ہے کہ ہمیشہ پھلدار ٹہنی جھکتی ہے۔ خشک اور سخت ٹہنی کو تو سبھی اکھیڑ پھینکتے ہیں۔

اب رہا لہو ولعب کا ذکر جو قرآن پاک اور کتابوں میں مختلف جگہوں میں ملتا ہے آجکل ہم اس کو کمپیوٹر یا انٹرنیٹ کی گیمز کہتے ہیں۔ یہ سراسر وقت کا ضیاع، پیسے کا ضیاع اور بیہودہ خیالات اور کبھی ہنگاموں کا اجتماع بھی بن جاتا ہے۔ فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوتا ہے۔ ایک نئی ایجاد کہہ لیجئے بلکہ اب تو پرانی ہوگئی ہے۔ موبائل فون ایک اچھا، آسان اور ایمرجنسی میں کام آنے والا فوری سہولت کے لئے بہترین آلہ ہے۔ مگر اب سبھی جان گئے ہیں کہ اس کا غیرضروری اور بلاوجہ استعمال نقصان دہ ہے۔ گھنٹوں فضول باتیں کی جارہی ہیں۔ کینسر جیسے موذی مرض کا نام سنتے ہی ہم ڈر تو جاتے ہیں، مگر اس آلہ کو کانوں سے لگائے گھنٹوں باتیں کئے جاتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ وقت بچا رہے ہیں۔ کار میں جاتے ہوئے باتیں کر لینا، بستر میں لیٹے بھی بات کر لینا فخر سمجھتے ہیں اور جواباً سبھی وقت کا تقاضا کہہ کر ٹال دیتے ہیں کہ جلدی تھی موبائل فون استعمال کر لیا۔ مگر وقت خطرہ کی گھنٹی بجاتا ہوا ہمارے گرد گھومتا رہتا ہے۔

ہر کام وقت پر سنوار کر کرنا اور یہ خیال دل میں رکھنا کہ کہیں ہم زندگی کے قیمتی لمحات بیکار تو نہیں گزار رہے کہ بعد میں ہمیں پچھتانا پڑے کہ کاش ہم نے فلاں

(باقی صفحہ 6 پر)

چند مشہور شخصیات

نواب سلیم اللہ

نواب سلیم اللہ کا تعلق بنگال کے ایک نواب خاندان سے تھا۔ جو فلاح عامہ کے کاموں میں دل کھول کر حصہ لینے کے لئے مشہور تھا۔ نواب سلیم اللہ کے دادا سر عبدالغنی نے ڈھان واٹر ورکس کے لئے اور والد سر احسن اللہ خان نے ڈھاکہ کی گلیوں میں بجلی فراہم کرنے کے لئے ایک خطیر رقم بطور عطیہ مہیا کی تھی۔

نواب سلیم اللہ خان 1884ء میں ڈھاکہ میں پیدا ہوئے۔ 1901ء میں جب ان کے والد نواب احسن اللہ خان کی وفات ہوئی تو آپ ان کے وارث ہوئے۔

نواب صاحب نے رفاہی کاموں میں حصہ لینے کی خاندانی رسم کو جاری رکھا ان کی رہائش گاہ احسن منزل مشرقی بنگال کے مسلمانوں کی سیاسی اور سماجی سرگرمیوں کا مرکز سمجھی جاتی تھی۔ نواب سلیم اللہ خاں کو مسلمانوں کی تعلیمی اور سیاسی ترقی میں خصوصی دلچسپی تھی۔ انہوں نے نہ صرف یہ کہ مسلمانوں کے تعلیمی اداروں، جن میں کلکتہ، علی گڑھ، رانچی اور ڈھاکہ کے تعلیمی ادارے سرفہرست ہیں دل کھول کر مدد کی۔ بلکہ ان کے سیاسی شعور کو پروان چڑھانے میں بھی بڑا اہم اور فعال کردار ادا کیا۔

یہ وہ زمانہ تھا جب تقسیم بنگال کے منصوبے کی شہرت شروع ہو چکی تھی۔ جب پورا منصوبہ سامنے آیا تو نواب سلیم اللہ نے مسلمانوں کو اس منصوبے کی خوبیوں سے آگاہ کرنے اور اس کا حامی بنانے کی ذمہ داری سنبھال لی اور اس مقصد کے لئے ''دی محمدن پراونشل یونین'' کے نام سے ایک جماعت قائم کی۔ جس کا پہلا اجلاس 16/ اکتوبر 1905ء یعنی تقسیم بنگال کے دن منعقد ہوا۔ نواب صاحب اس جماعت کے صدر مقرر ہوئے۔

ہندوؤں کی فرقہ وارانہ ذہنیت اور ان کی جانب سے تقسیم بنگال کی مخالفت کی وجہ سے نواب سلیم اللہ جلد ہی اس نتیجے پر پہنچے کہ مسلمانوں کی ایک کل ہند تنظیم ہونی چاہئے۔ اس خیال کے پیش نظر نواب صاحب نے ایک کل ہند تنظیم کا خاکہ تیار کیا۔ جس کا نام آل انڈیا مسلم کنفیڈریسی تجویز کیا۔ دسمبر 1906ء میں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس ڈھاکہ میں منعقد ہوا تو نواب سلیم اللہ نے اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی یہ تجویز کانفرنس کے تمام شرکاء میں تقسیم کی۔

چنانچہ مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے اختتام کے بعد، اس میں شریک ہونے والے مسلم رہنماؤں کا اجلاس منعقد ہوا جس میں اس تجویز کو شرف قبولیت بخشا گیا اور اتفاق رائے سے مسلمانوں کی ایک کل ہند جماعت کا قیام منظور کیا گیا جس کا نام ''آل انڈیا مسلم لیگ''، رکھا گیا۔ مسلم لیگ کے قیام کی تجویز نواب سلیم اللہ نے پیش کی اور اس کی تائید حکیم اجمل خان مرحوم نے کی۔ یوں اس جماعت کا قیام عمل میں آ گیا جس نے بالآخر مسلمانان ہند کو ایک آزاد اور خود مختار مملکت کا مالک بنا دیا۔

1911ء میں جب تقسیم بنگال کی تنسیخ کا اعلان ہوا تو اس واقعہ نے نواب سلیم اللہ کو بڑا دل گرفتہ کر دیا۔ انہوں نے اپنے اس غم کا اظہار آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس جو مارچ 1912ء میں انہی کی زیر صدارت منعقد ہوا تھا میں کیا۔

یہ نواب سلیم اللہ کی آخری سیاسی سرگرمی تھی۔ اب انہوں نے اپنی تمام تر توجہ فلاحی کاموں پر مبذول کر دی۔

16 جنوری 1915ء کو مسلمانوں کے اس عظیم محسن کا انتقال ہو گیا۔

سعادت حسن منٹو

اردو کے مشہور ادیب منٹو کی پیدائش 11 مئی 1912ء سمرالہ ضلع لدھیانہ میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم امرتسر میں حاصل کی۔ میٹرک کے بعد کچھ عرصہ علی گڑھ یونیورسٹی میں گزارا لیکن تعلیم کو ادھورا چھوڑ کر واپس امرتسر آ گئے۔ ابتداء میں انہوں نے لاہور کے رسالوں میں کام کیا پھر آل انڈیا ریڈیو دہلی سے وابستہ ہو گئے جہاں انہوں نے بعض نہایت کامیاب ریڈیو ڈرامے اور فیچر لکھے۔ بعد ازاں بمبئی منتقل ہو گئے۔ جہاں متعدد فلمی رسالوں کی ادارت کی۔ اسی دوران متعدد فلموں کی کہانیاں اور مکالمے بھی تحریر کئے۔ ایک فلم ''آٹھ دن'' میں اداکاری کے جوہر بھی دکھائے۔ قیام پاکستان کے بعد لاہور چلے آئے اور یہیں 18 جنوری 1955ء کو انتقال ہوا۔

منٹو کے موضوعات میں بڑا تنوع ہے۔ انہوں نے ایک طرف تو جنس کو موضوع بنایا اور دوسری طرف ہندوستان کی جنگ آزادی، سیاست، انگریزوں کے ظلم وستم اور فسادات کو افسانوں کے قالب میں ڈھال دیا۔ انہوں نے بیس برس کی ادبی زندگی میں دوسو سے زائد کہانیاں تحریر کیں۔ ان کی حقیقت پسندی، صداقت پروری، جرأت و بے باکی اردو ادب کے جدید دور میں بہت مشہور ہے۔ منٹو ایک نڈر شخصیت کے مالک تھے اور جو کچھ محسوس کرتے تھے اسے بے باکی سے نوک قلم تک لاتے تھے۔ وہ اپنے موضوعات کی باریک ترین جزئیات کا بھی پورا مشاہدہ کرتے تھے اور پھر ان مختلف پہلوؤں کو اپنے موضوع کا پس منظر بناتے تھے۔ معاشرے کے اکثر قابل اعتراض پہلوؤں پر انہوں نے کڑی تنقید کی۔ ان کی اس تنقید نے بعض اوقات معاشرے کے عزیز اصولوں کی تنقیص اور تضحیک بھی کی اور بعض مسلمہ روایتوں کی دھجیاں بھی بکھیریں۔ جس کے باعث ان کی اس روش کے خلاف شدید احتجاج ہوئے اور بعض اوقات ان کے خلاف مقدمات بھی چلے لیکن وہ بے خوفی سے لکھتے رہے۔ وہ معاشرے کے گھناؤنے پہلوؤں کی پردہ داری کرنے کے بجائے انہیں طشت ازبام کرنے کے قائل تھے۔

منٹو کے افسانوں کے مجموعوں میں منٹو کے افسانے، دھواں، یزید، نمرود کی خدائی، خالی بوتلیں، خالی ڈبے، ٹھنڈا گوشت، سرکنڈوں کے پیچھے، تلخ ترش شیریں، سڑک کے کنارے، سیاہ حاشیے اور اوپر نیچے اور درمیان، پھندنے، کالی شلوار، شکاری عورتیں، لذت سنگ اور بادشاہت کا خاتمہ وغیرہ شامل ہیں۔ انہوں نے ایک ناول بھی تحریر کیا تھا جس کا نام تھا ''بغیر عنوان کے''۔ ''گنجے فرشتے'' ان کے خاکوں کا مجموعہ ہے۔ 18 جنوری 1955ء کو وفات پائی۔

عبدالماجد دریابادی

بیسویں صدی میں برصغیر کے جن علماء نے اپنی تحریروں کے ذریعہ مسلمانان ہند کی فکری رہنمائی کا عظیم کام انجام دیا۔ ان میں مولانا عبدالماجد دریابادی کا نام بڑی اہمیت کا حامل ہے۔

مولانا کا تعلق غیر منقسم ہندوستان کے قلعہ بارہ بنکی کے ایک شہر دریا آباد سے تھا۔ جہاں وہ ایک ذی علم گھرانے میں مارچ 1892ء میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد مولوی عبدالقادر ڈپٹی کلکٹر کے عہدے پر فائز تھے۔ مولانا عبدالماجد دریابادی نے فارسی عربی کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی۔ پھر سیتا پور ہائی سکول سے انٹرنس اور کیننگ کالج لکھنؤ سے بی اے کیا۔ کچھ عرصہ علی گڑھ میں بھی تعلیم حاصل کی مگر والد کی وفات کے باعث ایم اے مکمل نہ کر سکے۔

1917ء میں مولانا، عثمانیہ یونیورسٹی کے دارالترجمہ سے منسلک ہوئے اور فلسفہ کی دقیق کتابوں کو اردو میں منتقل کیا۔ کچھ مدت بعد لکھنؤ چلے آئے اور یہاں سے 1925ء میں ایک سماجی، اصلاحی اور مذہبی اردو ہفت روزہ ''صدق جدید'' جاری کیا۔

مولانا عبدالماجد دریابادی متعدد کتابوں کے مصنف تھے۔ جن کے موضوعات مذہب، اخلاقیات ادب، تصوف، نفسیات اور سوانح سے لے کر فلسفہ تک پھیلے ہوئے ہیں۔ ان کتابوں میں فلسفہ اجتماع، زود پشیماں، تصوف اسلام، فلسفیانہ مضامین، فلسفہ جذبات، سفر حجاز، مبادی فلسفہ، خطوط مشاہیر، مقالات ماجد، انبیاء قرآن کی روشنی میں، انشائے ماجد، خطبات ماجدی اور مضامین عبدالماجد کے علاوہ قرآن مجید کا ترجمہ اور تفسیر بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے مولانا محمد علی جوہر اور مولانا اشرف علی تھانوی کی سوانح بھی تحریر کیں اور انگریزی کی کئی گراں قدر کتابوں کا اردو ترجمہ کیا۔ جن میں ہسٹری آف یورپین مورالز کا ترجمہ تاریخ اخلاق یورپ اور ہسٹری آف سویلائزیشن ان انگلینڈ کا ترجمہ مکالمات برکلے شامل ہیں۔

مولانا عبدالماجد دریابادی کا انتقال 6 جنوری 1977ء کو لکھنؤ میں ہوا۔

ابن انشاء

ابن انشاء کا شمار اردو کے ان مایہ ناز قلمکاروں میں ہوتا ہے۔ جنہوں نے نظم و نثر دونوں میدانوں میں اپنے فن کے جھنڈے گاڑے۔ ایک جانب وہ اردو کے ایک بہت اچھے شاعر تھے دوسری جانب وہ مزاح نگاری میں بھی اپنا ثانی نہ رکھتے تھے اور کالم نگاری اور سفرنامہ نگاری میں ایک نئے اسلوب کے بانی تھے۔

ابن انشاء کا اصل نام شیر محمد خان تھا، وہ 1927ء میں موضع تھلہ ضلع جالندھر میں پیدا ہوئے۔ جامعہ پنجاب سے بی اے اور جامعہ کراچی سے اردو میں ایم اے کیا۔

انہوں نے 1960ء میں روزنامہ امروز کراچی میں درویش دمشقی کے نام سے کالم لکھنا شروع کیا۔ 1965ء میں روزنامہ انجام کراچی اور 1966ء میں روزنامہ جنگ سے وابستگی اختیار کی جو ان کی وفات تک جاری رہی۔ وہ ایک طویل عرصہ تک نیشنل بک کونسل کے ڈائریکٹر رہے۔ زندگی کے آخری ایام میں حکومت پاکستان نے انہیں انگلستان میں تعینات کر دیا تھا تاکہ وہ اپنا علاج کروا سکیں لیکن سرطان کے بے رحم ہاتھوں نے اردو ادب کے اس مایہ ناز ادیب کو ان کے لاکھوں مداحوں سے جدا کر کے ہی دم لیا۔

ابن انشاء کا پہلا مجموعہ کلام چاند نگر تھا۔ اس کے علاوہ ان کے شعری مجموعوں میں ''اس بستی کے اک کوچے میں'' اور ''دل وحشی'' شامل ہیں۔ انہوں نے اردو ادب کو کئی خوبصورت سفرنامے بھی عطا کئے جن میں آوارہ گرد کی ڈائری، دنیا گول ہے، ابن بطوطہ کے تعاقب میں، چلتے ہو تو چین کو چلئے اور ''نگری نگری پھرا مسافر'' شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ان کی دیگر کتابوں میں اردو کی آخری کتاب، خمار گندم اور قصہ ایک کنوارے کا قابل ذکر ہیں۔

جناب ابن انشاء کا انتقال 12 جنوری 1978ء کو لندن کے ایک ہسپتال میں ہوا اور انہیں کراچی میں دفن کیا گیا۔

(بقیہ صفحہ 5)

وقت ضائع نہ کیا ہوتا تو اس پر تو یہی بات صادق آتی ہے کہ جو بچپن میں بھاگتے دوڑتے گایا کرتے تھے:

کبھی آج کا کام کل پر نہ چھوڑو
جو کرنا ہے کر لو کہ ہے وقت تھوڑا
گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں
کہ جو وقت کھوتا ہے پاتا نہیں

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں وقت کی قدر کی توفیق دے تاکہ وقت بھی ہماری قدر کرے۔ آمین

(ب۔ا)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 53829 میں

Mei Ashari W/O Nasiman

پیشہ خانہ داری عمر 29 سال بیعت 1998ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 25-3-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زمین برقبہ 140 مربع میٹر مالیتی -/RP20000000۔ 2۔ حق مہر -/RP12500۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP100000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ Mei Ashari گواہ شد نمبر 1 Mukhlis Ahmad گواہ شد نمبر 2 Syaifullah Yusuf

مسل نمبر 53830 میں

Mukhlis Ahmad

S/O Abdul Fatah

